***06-10-2023***

***21.15 Hrs***

***HL***

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ......................شبانہ بیگم

**Music**

☆ وزیر داخلہ امت شاہ نے آج نئی دلّی میں بائیں بازو کی انتہا پسندی کے معاملے پر ایک جائزہ میٹنگ کی صدارت کی اور کہا کہ پچھلی چار دہائیوں میں سال 2022 میں تشدد کے سب سے کم واقعات اور سب سے کم اموات ہوئیں۔

☆ سیلاب سے متاثرہ سکّم میں بچاؤ اور امدادی کارروائی زور شور سے جاری ہے۔ مرکز نے قدرتی آفت کے تناظر میں ریاست کیلئے تقریباً 45 کروڑ روپے کی امداد کی منظوری دی ہے۔

☆ ایران کی انسانی حقوق کی علمبردار سرگرم کارکن نرگس محمدی کو 2023 کا نوبیل امن انعام دیئے جانے کا اعلان کیا گیا ہے۔

☆ چین میں Hangzhou میں جاری ایشیائی کھیلوں میں بھارت سونے کے 22، چاندی کے 34 اور کانسے کے 39 تمغوں سمیت 95 تمغے جیت چکا ہے، جو اب تک کی بہترین کارکردگی ہے۔ بھارت کی مردوں کی ہاکی ٹیم نے سونے کا تمغہ جیتا ہے۔

☆ اور...... کرکٹ ورلڈ کپ میں حیدرآباد میں پاکستان نے نیندر لینڈس کے سامنے 287 رن کا نشانہ رکھا ہے۔

(Music)

----------------------------------

اب خبریں تفصیل سے

***Amit Shah LWE Meeting***

وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ پچھلے کچھ برسوں میں بائیں بازو کی انتہا پسندی کو روکنے میں کامیابی حاصل ہوئی ہے اور یہ لڑائی اب ایک فیصلہ کن مرحلے میں پہنچ گئی ہے۔ انھوں نے آج نئی دلّی میں بائیں بازو کی انتہا پسندی کے معاملے پر ایک جائزہ میٹنگ کی صدارت کی۔

اِس میٹنگ میں بائیں بازو کی انتہا پسندی سے متاثرہ ریاستوں کے وزراء اعلیٰ، نائب وزراء اعلیٰ اور دیگر متعلقہ اہلکاروں نے بھی شرکت کی۔ اپنے خطاب میں جناب امت شاہ نے کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت اور بائیں بازو کی انتہا پسندی سے متاثرہ سبھی ریاستوں کے اشتراک سے 2022 اور 2023 میں اِس کے خلاف بڑی کامیابیاں

حاصل کی گئی ہیں۔

جناب امت شاہ نے کہا کہ یہ اگلے دو سال میں بائیں بازو کی انتہا پسندی کا پوری طرح سے خاتمہ کرنے کے عہد کا سال ہے۔ انھوں نے کہا کہ 2019 کے بعد سے اِس لعنت کے اثر والے علاقے کم ہو رہے ہیں اور مرکزی مسلح پولیس فورسز کے 195 نئے کیمپ قائم کئے گئے ہیں۔ انھوں نے یہ بھی کہا کہ متاثرہ علاقوں میں 44 نئے کیمپ قائم کیے جائیں گے۔

وزیر داخلہ نے کہا کہ بالکل برداشت نہ کرنے کی سرکار کی پالیسی کے نتیجے میں پچھلی چار دہائیوں میں سال 2022 میں تشدد کے سب سے کم واقعات اور سب سے کم اموات ہوئیں۔ 2005 سے 2014 کی مدت کے مقابلے 2014 اور 2023 کے درمیان بائیں بازو کی انتہا پسندی سے وابستہ تشدد کے واقعات میں 52 فیصد سے زیادہ گراوٹ آئی ہے۔ x

## Sikkim Disaster

سکّم کے وزیر اعلیٰ پریم سنگھ تمانگ نے کہا ہے کہ ریاست میں بچاؤ کارروائی زور شور سے جاری ہے اور امدادی ٹیمیں اِس بات کو یقینی بنانے کیلئے بھر پور کوشش کر رہی ہیں کہ بے گھر ہو جانے والے کنبوں کیلئے جلد سے جلد معمول کے حالات بحال کئے جائیں۔ وزیر اعلیٰ نے آج قدرتی آفت سے متاثرہ علاقوں کا دورہ کیا۔ جناب تمانگ نے مرنے والوں کے کنبوں کے کیلئے چار چار لاکھ روپے کی امداد کا اعلان کیا۔

وزیر اعلیٰ نے امدادی کیمپوں میں رہنے والے افراد کیلئے دو دو ہزار روپے کی فوری راحت کا بھی اعلان کیا ہے۔

اِدھر مرکزی سرکار نے سکّم میں اچانک سیلاب سے ہونے والے نقصانات کا جائزہ لینے کیلئے مختلف وزارتوں پر مشتمل ایک مرکزی ٹیم تشکیل دی ہے۔

مرکزی وزارت داخلہ نے بتایا ہے کہ یہ ٹیم جلد ہی ریاست کے متاثرہ علاقوں کا دورہ کرے گی اور اس کے جائزے کی بنیاد پر سکّم کیلئے مزید مرکزی امداد منظور کی جائے گی۔

مرکز نے سیلاب سے متاثرہ سکّم کیلئے قدرتی آفت کی صورتحال کے تعلق سے تقریباً 45 کروڑ روپے جاری کیے جانے کی بھی منظوری دی ہے۔

ریاست میں تباہ کن سیلاب آنے سے 26 افراد کی موت ہوئی ہے جبکہ فوجی اہلکاروں سمیت 142 افراد لاپتہ بتائے گئے ہیں۔ دو ہزار 400 سے زیادہ افراد کو بچایا گیا ہے۔ ایک ہزار ایک سو سے زیادہ مکانوں کو شدید نقصان پہنچا ہے۔x

## Nobel Peace Pricze Narges

ایران کی انسانی حقوق کی علمبردار سرگرم کارکن نرگس محمدی کو خواتین پر زیادتیوں کے خلاف اُن کی جد و جہد کے صلے میں 2023 کا نوبیل امن انعام دیئے جانے کا اعلان کیا گیا ہے۔ وہ ایسی 19 ویں خاتون ہیں، جنہیں

نوبیل امن انعام دیا جائے گا۔ نرگس محمدی، اِن دنوں جیل میں بند ہیں۔ وہ ایران میں انسانی حقوق کی علمبردار سرکردہ سرگرم کارکنوں میں سے ایک ہیں۔

محترمہ نرگس محمدی کو 13 مرتبہ گرفتار کیا گیا، پانچ بار قصوروار ٹھہرایا گیا، مجموعی طور پر 31 سال کی قید کی سزا سنائی گئی اور 154 کوڑوں کو سامنا کرنا پڑا۔

ناروے کی نوبیل کمیٹی نے ایران میں خواتین پر جبر وظلم کے خلاف اُن کی جد و جہد اور انسانی حقوق کو فروغ دینے اور سبھی کیلئے آزادی کی خاطر اُن کی مہم کے اعتراف میں ایوارڈ دینے کا فیصلہ کیا ہے۔ x

## Asian Games

چین میں Hangzhou میں جاری ایشیائی کھیلوں میں بھارت نے اب تک مجموعی طور پر 95 تمغے جیتے ہیں۔ اِن میں سونے کے 22، چاندی کے 34 اور کانسے کے 39 تمغے شامل ہیں۔ ایشیائی کھیلوں میں بھارت کی یہ اب تک کی بہترین کارکردگی ہے۔ بھارت تمغے جیتنے میں فی الحال چوتھے مقام پر ہے۔ پیش ہے ایک رپورٹ

VC- Shivani Kashyap

اِدھر سوشل میڈیا پوسٹ پر وزیر اعظم نریندر مودی نے ایشیائی کھیلوں میں بھارتی کھلاڑیوں کی قابل قدر کارکردگی کیلئے انہیں مبارکباد پیش کی ہے اور مستقبل کی کوششوں کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کیا ہے۔ x

**V/C**

بھارتی کھلاڑیوں کیلئے آج ایشیائی کھیلوں میں شاندار مظاہروں کا دن رہا جہاں اُنھوں نے ہاکی، کشتی، تیراندازی، Bridge اور سیپک ٹکراؤ میں تمغے جیتے۔

ان تمغوں کے بعد بھارت کے تمغوں کی مجموعی تعداد میں سونے کا ایک، چاندی کے دو اور کانسے کے چھ تمغے شامل ہوگئے ہیں۔

ہاکی میں مردوں کی بھارتی ٹیم نے جاپان کو ایک کے مقابلے پانچ گول سے ہراتے ہوئے دن کا پہلا سونے کا تمغہ جیتا۔ اِس میچ میں بھارتی کھلاڑی چھائے رہے، جو ہاف ٹائم تک تین-صفر کی سبقت لئے ہوئے تھے۔ جاپان نے دوسرے ہاف میں کھیل میں واپسی کی کوشش کی لیکن بھارتی کھلاڑیوں نے اُنھیں کوئی موقع نہیں دیا۔

برج میں مردوں کی ٹیم نے ہانگ کانگ کے خلاف فائنل میں چاندی کا تمغہ جیتا۔

اِس سے پہلے تیراندازی میں مردوں کی ٹیم فائنل میں جنوبی کوریا سے ہار گئی اور اُسے چاندی کے تمغے پر اکتفا کرنا پڑا۔ وہیں خواتین کی ٹیم نے پلے آف میچ میں ویتنام کو شکست دیکر کانسے کا تمغہ اپنے نام کیا۔

کُشتی میں بھارت نے آج کانسے کے تین تمغے جیتے۔ اِن میں خاتون پہلوان سونم، کرن بشنوئی اور مردوں کے مقابلے میں اَمن کے تمغے شامل ہیں۔ ایک بڑے اُلٹ پھیر میں بجرنگ پونیا کو جاپان کے خلاف خالی ہاتھ لوٹنا پڑا۔ مردوں کے کرکٹ مقابلوں میں بھارت نے سیمی فائنل میں بنگلہ دیش کو 9 وکٹ سے ہرادیا۔ بھارت کا مقابلہ کل افغانستان سے ہوگا۔

شیوانی کشیپ کی رپورٹ کے ساتھ آکاشوانی اردو خبروں کیلئے میں ضمیر رضوی

## Cricket

کرکٹ میں حیدر آباد میں ورلڈ کپ کے اپنے پہلے میچ میں پاکستان نے نیدر لینڈس کے سامنے 287 رن کا نشانہ رکھا ہے اور نیدر لینڈس نے اب سے کچھ دیر پہلے تک 41 اوورس میں 254 رن بنا لئے تھے۔
اس سے پہلے پاکستان کی پوری ٹیم 49 اوورس میں 286 رن بنا کر آؤٹ ہوگئی۔x

## Delhi AQI

قومی راجدھانی خطے اور اِس سے ملحقہ علاقوں میں ہوا کی کوالٹی کے بندوبست سے متعلق کمیشن کی ذیلی کمیٹی نے دلّی قومی راجدھانی خطے میں ہوا کی موجودہ کوالٹی کا جائزہ لینے کیلئے آج میٹنگ کی۔
فضائی آلودگی پر کنٹرول سے متعلق مرکزی بورڈ کے مطابق دلّی کا ہوا کی کوالٹی کا اوسط اشاریہ 212 ریکارڈ کیا گیا۔ اِس طرح یہ معتدل زمرے سے آگے نکل کر خراب کے زمرے میں آ گیا ہے۔ x

## Dubai Piyush Goyal

کامرس اور صنعتوں کے مرکزی وزیر پیوش گوئل نے متحدہ عرب امارات کے اپنے دورے میں سرکردہ کاروباری رہنماؤں کے ساتھ تبادلہ خیال کیا تاکہ بھارت اور امارات کے درمیان تجارتی رابطوں اور سرمایہ کاری میں اضافہ ہوسکے۔
اِن میٹنگوں میں تجارت کو فروغ دینے، خاص طور پر الیکٹرانکس اور صارفین کی اشیاء کے شعبے کو بڑھاوا دینے نیز دو طرفہ جامع اقتصادی ساجھیداری سمجھوتے سے پیدا ہونے والے موقعوں پر بات چیت ہوئی۔ x

## EC NCP

انتخابی کمیشن نے نیشنلسٹ کانگریس پارٹی NCP کے دونوں گروپوں کی جانب سے پارٹی کے نام اور چناؤ نشان ''گھڑی'' پر اُن کے دعووں کی سماعت کی۔ اِن میں ایک گروپ کے سربراہ شرد پوار ہیں، جبکہ دوسرے گروپ کی قیادت مہاراشٹر کے نائب وزیر اعلیٰ اجیت پوار کر رہے ہیں۔
انتخابی کمیشن کے سامنے مذکورہ تنازعے کی یہ پہلی سماعت ہے۔ اب دونوں گروپ، پیر کے روز پھر سے چناؤ کمیشن سے ملیں گے۔ NCP میں اُس وقت بحران کی کیفیت پیدا ہوگئی تھی کہ جب اجیت پوار کی زیر قیادت گروپ نے پارٹی کے لیڈر شرد پوار کے خلاف بغاوت کرتے ہوئے پارٹی کے نام اور چناؤ نشان پر اپنا دعویٰ پیش کرتے ہوئے انتخابی کمیشن سے رجوع کیا تھا۔ x

## ECI Observers Meeting

انتخابی کمیشن نے پانچ ریاستوں میں اسمبلی انتخابات خوش اسلوبی کے ساتھ کرانے کیلئے اپنی حکمت عملی پر تبادلۂ خیال کیلئے آج نئی دلّی میں اپنے مشاہدین کے ساتھ میٹنگ کی۔ اِن ریاستوں میں راجستھان، مدھیہ پردیش، چھتیس گڑھ، تلنگانہ اور میزورم شامل ہیں۔ اِن مشاہدین میں اخراجات پر نظر رکھنے سے متعلق مشاہدین اور عام مشاہدین

شامل ہیں۔ x

## Gadkari Bus

مرکزی وزیر نتن گڈکری نے بسیں تیار کرنے کیلئے کچھ معیارات کو منظوری دی ہے، جن کا اطلاق متعلقہ ساز و سامان تیار کرنے والی کمپنیوں، OEMs اور بسوں کے ڈھانچے تیار کرنے والے اداروں پر یکساں طور پر ہوگا۔
ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر جناب گڈکری نے کہا کہ اِس قدم سے ملک میں بسوں کے معیار میں مزید بہتری لانے کی راہ ہموار ہوگی اور مسافروں کی سلامتی کو یقینی بنانے پر خاص توجہ دی جائے گی۔ x

## NHRC Maharashtra

قومی انسانی حقوق کمیشن نے مہاراشٹر سرکار کے چیف سکریٹری کو نوٹس دیا ہے۔ ریاست میں Nanded اور چھترپتی سمبھا جی نگر میں دو سرکاری اسپتالوں میں کئی مریضوں کی موت ہونے کی اطلاعات کے تناظر میں یہ نوٹس جاری کیا گیا ہے۔کمیشن نے اِس معاملے پر چار ہفتے کے اندر اندرتفصیلی رپورٹ طلب کی ہے۔ x

## P-20 Summit

وزیر اعظم نریندر مودی اِس مہینے کی 13 تاریخ کو نئی دلّی میں جی ٹوئنٹی پارلیمانی اسپیکرز کی نویں سربراہ میٹنگ P-20، کا افتتاح کریں گے۔ یہ دو روزہ P-20، سربراہ میٹنگ، دوارکا میں نئے تعمیر کئے گئے انڈیا انٹرنیشنل کنونشن اور ایکسپو سینٹر Yashobhoomi میں منعقد کی جائے گی۔لوک سبھا کے اسپیکر اوم برلا نے اِس سربراہ میٹنگ کے بارے میں آج نئی دلّی میں نامہ نگاروں کو جانکاری دیتے ہوئے بتایا کہ اِس عالمی کانفرنس میں دیگر لوگوں کے علاوہ 25 اسپیکر، 10 ڈپٹی اسپیکر اور 50 ارکانِ پارلیمنٹ شرکت کریں گے۔

2100-New-OM Birla on -G-20 22 Secs

## PM Goregaon Fire

وزیر اعظم نریندر مودی نے ممبئی کے گورے گاؤں علاقے میں آگ لگنے کے سانحے میں لوگوں کی جان ضائع ہونے پر دکھ کا اظہار کیا ہے۔ سوشل میڈیا پوسٹ پر جناب مودی نے اعلان کیا کہ وزیر اعظم کے قومی امدادی فنڈ سے مرنے والے کے لواحقین کو دو دو لاکھ روپے کی امداد فراہم کی جائے گی، جبکہ زخمیوں کو پچاس پچاس ہزار روپے دیئے جائیں گے۔ x

## MP Anurag

اطلاعات و نشریات اور کھیلوں اور نوجوانوں کے امور کے مرکزی وزیر انوراگ سنگھ ٹھاکر نے آج مدھیہ پردیش میں Katni اور Rewa میں دانشوروں کی کانفرنس سے خطاب کیا۔ انھوں نے کہا کہ BJP سرکار نے وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں پچھلے 9 سال میں ملک میں ترقی کے ایک نئے باب کا آغاز کیا ہے۔

وزیر موصوف نے کہا کہ ایشیائی کھیلوں میں بھارتی کھلاڑی تاریخ ساز کارکردگی کا مظاہرہ کر رہے ہیں اور ترنگے کی شان بڑھا رہے ہیں۔ جناب ٹھاکر نے یہ بھی کہا کہ سرکار نے ملک میں نہ صرف 80 کروڑ افراد کو مفت راشن فراہم کیا ہے بلکہ غریبوں کو 5 لاکھ روپے تک کا مفت علاج، مستقل مکان اور بیت الخلاء بھی فراہم کیے ہیں۔
اِس کے ساتھ ساتھ AIIMS اور IIT جیسے ادارے بھی قائم کیے جا رہے ہیں۔ وزیر موصوف نے کہا کہ مدھیہ پردیش میں بھی ڈبل انجن سرکار نے عوام کو فائدے پہنچانے میں کوئی کسر نہیں چھوڑی ہے۔ x

## Arunachal By Election

اروناچل پردیش ریاستی انتخابی کمیشن نے آج ریاست کے 23 ضلعوں کی 54 گرام پنچایتوں اور 2 ضلع پریشد حلقوں میں ضمنی انتخابات کرائے جانے کا اعلان کیا ہے۔ 9 اکتوبر کو عام اطلاع نامہ جاری کیا جائے گا، جبکہ کاغذاتِ نامزدگی داخل کرنے کی آخری تاریخ 10 اکتوبر ہوگی اور 21 اکتوبر تک نام واپس لئے جاسکیں گے۔ 6 نومبر کو ووٹ ڈالے جائیں گے اور ووٹوں کی گنتی 8 نومبر کو ہوگی۔x

## Fishermen Arrested

پارلیمانی رکن اور MDMK کے لیڈر Vaiko نے مرکزی نیز ریاستی سرکاروں سے اپیل ہے کہ وہ 27 ستمبر کو برطانوی بحریہ کے ذریعہ گرفتار کئے گئے 32 بھارتی ماہی گیروں کی رہائی کا مطالبہ کریں۔ ایک گزارش میں جناب Vaiko نے کہا کہ ناگاپٹینم کے کچھ ماہی گیر بحرِ ہند کے گہرے سمندر میں ماہی گیری کر رہے تھے جس وقت انھیںDiego Garcia جزیرۂ نما میں بین الاقوامی آبی حدود میں داخل ہونے کی پاداش میں گرفتار کرلیا گیا۔ برطانوی بحریہ نے ماہی گیروں کو گرفتار کرلیا اور ان کی کشتیاں بھی ضبط کرلیں۔ انھیں جزیرہ نما کی عدالت میں پیش کیا گیا۔ ان کی گرفتاری کے بارے میں ان کے کنبوں کو حال ہی میں مطلع کردیا گیا ہے۔x

## Russia Ukraine

روس کے صدر ولادیمیر پتن نے اپنے موقف کو دوہرایا ہے کہ روس نے یوکرین کے خلاف جنگ شروع نہیں کی تھی بلکہ اس کے مطابق اس نے جنگ روکنے کیلئے ایک خصوصی فوجی کارروائی شروع کی تھی۔
کل Sochi میں Valdai Discussion Club میں اپنی سالانہ تقریر میں جناب پتن نے کہاکہ رقبے کے اعتبار سے روس دنیا کا سب سے وسیع وعریض ملک ہے لہٰذا یوکرین کے علاقے پر قبضہ کرنے کی اُسے ضرورت نہیں تھیں۔ انھوں نے کہا کہ اس اعتبار سے یہ تنازعہ سامراجیت یا علاقائی معاملہ نہیں ہے بلکہ اس کا تعلق عالمی نظام سے ہے۔ انھوں نے کہا کہ مغرب نے اقتدار کی بالادستی کھونے کے بعد اب حقیقت سے بھی رابطہ ختم کرلیا ہے۔x

## Meity Child Abuse

الیکٹرانکس اور اطلاعاتی ٹیکنالوجی کی وزارت نے سوشل میڈیا پلیٹ فارمز X/ یوٹیوب اور ٹیلی گرام سے بچوں کے جنسی استحصال سے متعلق مواد کو بھارت میں اپنے پلیٹ فارمز سے ہٹانے کے سلسلے میں انھیں نوٹس جاری کئے ہیں۔ پلیٹ فارمز کو جاری کئے گئے ان نوٹسوں میں اس بات پر زور دیا گیا ہے کہ وہ اپنے پلیٹ فارمز پر اس طرح کے ویڈیوز اور مواد کو فوری نیز مستقل طور پر ہٹائیں یا ان تک رسائی کو منقطع کریں۔
مستقبل میں اس طرح کے مواد کے نشریے کی روک تھام کیلئے پیشگی اقدامات کا نفاذ کرنے پر زور دیا ہے۔x

## RBI Governor

اب جبکہ دو ہزار روپے کے نوٹ بدلنے یا جمع کرانے کی میعاد ختم ہونے کے قریب ہے، ریزرو بینک نے کہا ہے کہ تقریباً تین اعشاریہ تین-سات فیصد کرنسی نوٹ اب بھی چلن میں ہیں، جن کی مالیت 12 ہزار کروڑ روپے ہے۔
آج ممبئی میں نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے ریزرو بینک کے گورنر شکتی کانت داس نے کہا کہ تقریباً 3 لاکھ 43 ہزار کروڑ روپے مالیت کے نوٹ واپس کیے گئے ہیں۔ اِن میں سے 87 فیصد نوٹ بینکوں میں جمع کرائے گئے ہیں، جبکہ بقیہ نوٹ بدلے گئے ہیں۔ریزرو بینک نے اِس سال 19 مئی کو دو ہزار روپے کے بینک نوٹ واپس لینے کا فیصلہ کیا تھا اور اُس وقت 3 لاکھ 56 ہزار کروڑ روپے مالیت کے نوٹ چلن میں تھے۔ x

## RBI Policy

ریزرو بینک آف انڈیا کے گورنر شکتی کانت داس کی زیرِ قیادت مالی پالیسی کمیٹی نے اتفاقِ رائے سے ریپو ریٹ ساڑھے چھ فیصد کی سطح پر برقرار رکھنے کا فیصلہ کیا ہے۔ یہ لگاتار چوتھا موقعہ ہے کہ جب مالی پالیسی کمیٹی نے ریپو ریٹ کو جوں کا توں برقرار رکھنے کا فیصلہ کیا ہے۔ ریپو ریٹ، وہ شرحِ سود ہے، جس پر ریزرو بینک، کمرشیل بینکوں کو رقم ادھار دیتا ہے۔ ریزرو بینک کی مالی پالیسی کمیٹی کی تین روزہ میٹنگ کے دوران یہ فیصلہ کیا گیا، جو بدھ کے روز شروع ہوئی تھی۔ ریزرو بینک کے گورنر نے دو ماہی مالی پالیسی کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ ابھرتے ہوئے میکرو اقتصادی اور مالی حالات نیز متعلقہ منظر نامے کا تفصیلی جائزہ لینے کے بعد یہ فیصلہ کیا گیا ہے۔ انھوں نے کہا کہ ریزرو بینک، افراطِ زر کو بڑھنے سے روکنے اور ترقی کو بڑھاوا دینے کے کیلئے توجہ مرکوز کرتا رہے گا۔ x

## RBI PM Vishwakarma Scheme

ریزروبینک نے PM وشوکرما اسکیم کے مستفیدین کو ادائیگی سے متعلق بنیادی ڈھانچے کے ترقیاتی فنڈ IPIDE اسکیم میں شامل کرنے کی تجویز پیش کی ہے۔ آج ممبئی میں مختلف ترقیاتی اور انضباطی پالیسی اقدامات کے بارے میں جاری کئے گئے ایک بیان میں بھارتیہ ریزروبینک نے کہا کہ توقع ہے کہ اس فیصلے سے سب سے نچلی سطح تک ڈیجیٹل لین دین کو فروغ دینے کی اس کی کوششوں کو تقویت فراہم ہوگی۔x

☆☆☆☆